# آل میمن ویلفیئر کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

## 30 ویں سالانہ رپورٹ

برائے سال 2000-2001ء

1 جولائی 2000 سے 30 جون 2001ء

# ALL MEMON WELFARE COOP. HOUSING SOCIETY LTD., KARACHI.

## 30TH ANNUAL REPORT

میمن نگر

2000-2001ء

آل میمن ویلفیئر کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

کی مجلس انتظامیہ نے اپنے رجسٹرڈ آفس 247 سیکنڈ فلور سنی پلازہ

حسرت موہانی روڈ نیو چالی کراچی سے جاری کیا

ٹیلی فون نمبر سوسائٹی آفس 2629745 سائٹ آفس 8142982

CamScanner

# اپیل برائے تعمیر مسجد

میمن مسجد (میمن نگر) سیکٹر 13/A اسکیم نمبر 33 کی بیرونی تعمیرات کا کام باقی ہے۔

مخیّر حضرات سے اپیل کی جاتی ہے کہ اس کام میں دل کھول کر عطیات جمع کرائیں۔

تاکہ جلد از جلد یہ کام بھی پایہ تکمیل کو پہنچے۔

نقد عطیات بینک اکاؤنٹ نمبر MCB794-5 (ابوالحسن اصفہانی روڈ) جرنلسٹ سوسائٹی برانچ میں جمع کرائے جاسکتے ہیں۔

**حاجی محمد حنیف بومبیا (توکل)**

چیئرمین بورڈ آف ٹرسٹیز

**عبدالستار لیلیا**

(اعزازی جنرل سیکریٹری) ٹرسٹی۔میمن مسجد۔میمن نگر

آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ

کمرہ نمبر 247، سنی پلازہ حسرت موہانی روڈ، کراچی۔فون نمبر: 2629745

# મસ્જીદ માટે અપીલ

મેમણ મસ્જીદ (મેમણ નગર) સેકટર ૧૩/એ, સ્કીમ નં. ૩૩ ખાતે બાંધકામનો કામ ચાલુ છે. સખીવજુદો, સદ્દગુહસ્થોથી અપીલ કરવામાં આવે છે કે તેઓ આ નેક કામમાં ઉદાર દિલે ફાળો આપે. રોકડ રકમ MCB બેંક એકાઉન્ટ નંબર 794-5 જર્નલીસ્ટ સોસાયટી બ્રાંચ અબુલ હસન ઈસ્ફહાની રોડ ખાતે પણ જમા કરાવી શકાય છે.

**અબ્દુલ સત્તાર લીલીયા**

માનદ મંત્રી

(ટ્રસ્ટી, મેમણ મસ્જીદ, મેમણ નગર)

**હાજી મોહંમદ હનીફ બોમ્બીયા (તવક્કલ)**

ચેરમેન બોર્ડ ઓફ ટ્રસ્ટીઝ


ઓલ મેમણ વેલ્ફેર કો-ઓપ. હાઉસીંગ સોસાયટી લી.

રૂમ નં. ૨૪૭, સન્ની પ્લાઝા,

હસરત મોહાની રોડ, ન્યુ ચાલી, કરાચી.

ફોન નં. 2629745

CamScanner



IN THE NAME OF ALLAH
MOST GRACIOUS, MOST MERCIFUL


CamScanner

اختصاریہ

منجانب

# جناب حاجی محمد حنیف طیب

صدر سوسائٹی



معزز ممبران سوسائٹی اور میرے ساتھیو!

اسلام علیکم!

میں آج سوسائٹی کے 30 ویں سالانہ جلسہ کے موقع پر بحیثیت صدر آپ کے روبرو ہوں، اس سال کے آخر میں ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے کمیٹی کے چند ایک اجلاس میں شریک نہیں ہو سکا۔ لیکن میرے ساتھیوں نے مجھے تمام معاملات سے بروقت آگاہ رکھا۔ خاص طور پر سیکٹر 13/A کے رہائشی ممبران کو پانی کی فراہمی کے سلسلے میں کافی تگ و دو کرنا پڑی۔ اسمیں ہمارے رہائشی ممبران نے بھی انتظامیہ کے ساتھ بڑا تعاون کیا۔ وقتی طور پر یہ مسئلہ حل ہو گیا ہے۔ لیکن ہم نے اس مسئلے کو مستقل بنیادوں پر حل کرنے کے لئے واٹر بورڈ سے "3 انچ قطر کا کنکشن لینے کی کاروائی شروع کردی ہے۔ اُمید واثق ہے کہ اگر آپ لوگوں کا تعاون حاصل رہا تو یہ کام بھی جلد ہی پایہ تکمیل کو پہنچ جائے گا۔

سیکٹر 15/A کے لئے بجلی کی سہولت حاصل کرنے کے لئے ہم نے Case داخل کروادیا ہے۔ اور ہماری کمیٹی کے ارکان برابر پیروی کر رہے ہیں۔ جس کے نتیجے میں KESC پلاننگ ڈویژن سے ہمارا پلان تیار ہو چکا ہے۔ اور حتمی منظوری کے لئے متعلقہ افسران کے پاس بھیج دیا گیا ہے۔ آپ حضرات جانتے ہیں کہ سیکٹر 15/A میں تعمیراتی کام شروع ہو چکا ہے۔ بلکہ چار پانچ گھرانوں نے وہاں رہائش بھی اختیار کرلی ہے۔ یہ بات بڑی خوش آئیند ہے دیگر ممبران سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ بھی جلد از جلد اپنے پلاٹوں پر تعمیراتی کام شروع کرادینگے۔ تاکہ باقی ترقیاتی کاموں کی تکمیل میں آسانی پیدا ہو سکے۔ اس مرحلے پر جو ممبران سیکٹر 15/A میں تعمیراتی کام شروع کریں گے۔ سوسائٹی ان کی خدمات کو سلام پیش کریگی۔

آخر میں آپ تمام حضرات سے میری گزارش ہے کہ آپ سوسائٹی کے مفادات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کمیٹی کے ارکان کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ انہیں خواہشات اور نیک تمناؤں کے ساتھ میں آپ سب کا بے حد شکر گزار ہوں اور میمن نگر کی بہتری اور ترقی کیلئے دعا گو ہوں۔

والسّلام ... آپکا مخلص

**حاجی محمد حنیف طیب**


صدر سوسائٹی

CamScanner

خطاب

# جناب احمد عمر دیوان

نائب صدر سوسائٹی



محترم ممبران سوسائٹی میرے دوستو اور ساتھیو!

اسلام علیکم!

مجھے خوشی ہے کہ میں سوسائٹی کے 30ویں سالانہ جلسہ کے موقع پر آپ سے مخاطب ہوں پچھلے سال کی کارکردگی کا مکمل جائزہ تو آنریری سیکریٹری صاحب کی رپورٹ میں ہی پیش ہوگا۔ پھر بھی مختصراً میں عرض کرتا چلوں کہ میں اپنے طور پر سیکٹر 13/A میمن نگر کے رہائشی ممبران کی شکایات اوران کی تکالیف جوخاص طور پر پانی کی کمی سے متعلق ہوتی تھیں۔ میں چھٹی کے روز خود آتا تھا اور لوگوں سے ملکر صحیح معلومات حاصل کر کے اُنکی تکالیف کے ازالہ کیلئے اپنی کمیٹی کے دیگر ساتھیوں سے بات کر کے مسائل کو حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتا رہا ہوں۔ اور جیسا کہ آپ جانتے ہیں۔ سیکٹر 13/A میں پانی کی کمی کا مسئلہ وقتی طور پر حل کر دیا گیا ہے۔ لیکن یہ مستقل حل نہیں ہے اس لئے کمیٹی قانونی طور پر "Dia3 کا واٹر کنکیشن حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ اور آپ لوگوں کے تعاون سے انشاءاللہ جلد ہی پانی کا مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل ہوجائے گا۔


سیکٹر 15/A میں بجلی کی تنصیبات کے لئے متعلقہ سب کمیٹی KESC کے متعلقہ ڈیپارٹمنٹ سے مسلسل رابطے میں ہے۔ اور اس سلسلے میں کافی پیش رفت ہو چکی ہے۔ اُمید ہے کہ یہ کام اگلے سال شروع ہوکر مکمل بھی ہوجائیگا۔ میری آپ لوگوں سے ایک ہی گزارش ہے کہ آپ حضرات اپنے پلاٹوں پر جلد از جلد تعمیراتی کام شروع کرنے کی کوشش کریں۔ تا کہ میمن نگر جلد آباد ہوجائے۔ میں آپ سب کے تعاون کا بے حد شکر گزار ہوں، اللہ تعالیٰ آپ سب کو خوش رکھے، اور میمن نگر جلد آباد ہو۔ آمین

آپکا مخلص

**احمد عمر دیوان**

نائب صدر سوسائٹی

CS CamScanner



## جناب عبدالستار لیلیا

آنریری جنرل سیکریٹری

**30ویں سالانہ جائزہ رپورٹ**

جناب صدر، معزز اراکین سوسائٹی اور حاضرین جلسہ۔

السلام علیکم!

میں اللہ تعالیٰ کے روبرو سربسجود ہو کر اس کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے ہمت اور توفیق عطا کی کہ آج میں آپ کے سامنے بطور آنریری جنرل سیکریٹری سوسائٹی کے 30ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر سوسائٹی کی کارکردگی کا مختصر احوال پیش کروں۔ میں نے کوشش کی ہے کہ اپنی ذمہ داریوں کو جس حد تک ممکن ہو محنت، دیانت اور کفایت شعاری سے انجام دوں۔ یہ آپکی اور ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے کہ جس پودے کی بنیاد ہمارے سینیئر اور بزرگ رہنماؤں نے رکھی تھی اب یہ ایک تناور درخت کی شکل میں ہمارے سامنے ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم سب مل کر اسکی آبیاری کریں۔ ہمیں منفی سوچ سے ہٹ کر تعمیری اور مثبت سوچ اپنانی ہوگی۔ ہمیں اپنے اندر ایمانداری، خلوص اور دوسروں کیلئے قربانی دینے کا جذبہ پیدا کرنا ہوگا۔ ورنہ زمانے کے تغیرات نے اچھے وقت کی بڑی بڑی شخصیتوں کو نیست و نابود کر دیا اور یہ صرف میں نہیں کہتا بلکہ تاریخ کے اوراق پلٹئے تو ہمیں بہت سے عبرتناک مناظر نظر آئیں گے۔ یہ دنیا چار دن کی ہے اور ہم سب نے سب کچھ یہاں چھوڑ کر جانا ہے۔ اگر ہمارے اچھے عمل اور حسن اخلاق کی بدولت ہمیں آنے والی نسلیں اچھے الفاظ سے یاد کریں تو سمجھئے کہ ہم نے اپنے پیچھے کچھ سرمایہ کاری کی ہوئی ہے۔ محترم دوستو! عوامی خدمت کے کاموں میں ذمہ داریوں اور مشکلات کا سامنا کرنا ہی پڑتا ہے۔ لیکن اگر انسان کی نیت صاف ہو اور وہ خلوص دل سے دوسروں کی خدمت کرنے کا جذبہ اور پختہ عزم رکھتا ہو تو پھر اللہ تعالیٰ ضرور مدد فرماتے ہیں۔

ہماری موجودہ مینیجنگ کمیٹی بہترین پڑھے لکھے افراد پر مشتمل ہے۔ یہ تمام صاحبان کاروباری صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ

ماجی خدمات اور فلاحی کاموں کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ سوسائٹی کے رواں مالی سال کے حسابات پر اگر آپ نظر ڈالیں تو پتا چلے گا کہ مشکل حالات کے باوجود بڑی کفایت شعاری سے کام لیا گیا ہے۔ غیر ترقیاتی اخراجات پر قابو پایا گیا ہے۔ سیکٹر 13/A کے رہائشی ارکان کی مشکلات کے پیش نظر اس علاقے میں کئی سہولیات بہم پہنچائی گئی ہیں۔ گزشتہ سال کی رپورٹ میں آپکو بتایا گیا تھا۔ کہ سیکٹر 13/A میں سوئی سدرن گیس کمپنی نے گیس لائن کی تنصیب مکمل کر لی ہے۔ اور یہاں کے رہائشی اور زیر تعمیر مکانات بشمول میمن مسجد، میمن نگر سیکٹر 13/A کو گیس کنیکشن فراہم کر دیئے گئے ہیں۔

کراچی شہر میں پانی کی کمی کے مسائل بڑھتے جا رہے ہیں۔ اور ہماری سوسائٹی بھی اسی شہر میں آباد ہے۔ پانی کی کمی کے مسئلے پر کئی اجلاس منعقد ہوئے ایک سب کمیٹی بنائی گئی۔ اور اسکو اختیارات کے ساتھ اپنی تجویز اور سفارشات مینجنگ کمیٹی کو پیش کرنے کیلئے کہا گیا۔ اس کمیٹی کے ممبران میں جناب محمد زبیر صاحب، جناب محمد اقبال عبدالغنی صاحب، محمد عارف سوریا صاحب اور جناب ایم یوسف عبداللہ نوی والا صاحب شامل ہیں۔ انکی سفارشات کی روشنی میں اور انکی ہی نگرانی میں اس سیکٹر کے ترقیاتی کاموں کے لئے کئی اقدامات کئے گئے۔ ان کاموں کی تفصیلات آپ میں سے اکثر حضرات کے علم میں ہے۔ اس سب کمیٹی کی سفارشات کے مطابق پانی کی مد میں واٹر اینڈ سوریج بورڈ کو ہر ماہ پانی کے بل کی ادائیگی کی جارہی ہے۔ اور کمیٹی کے فیصلے کے مطابق 31 دسمبر 2001 تک ان بلوں کی ادائیگی کرتی رہے گی۔ یہ رپورٹ شائع ہونے تک یعنی نومبر 2001 تک واٹر بورڈ کو پانی کے بل کی مد میں کل رقم =/1,81,181 ادا کی جا چکی ہے۔ لیکن اسکے مقابلے میں رہائشی ممبران سے وصولی کی رفتار بہت سست رہی یعنی نومبر 2001 تک کل رقم =/90,600 وصول ہوئی۔

میری آپ حضرات سے درخواست ہے کہ پانی کی مد میں آپ کے ذمے جو بھی باقی ماندہ رقم ہے۔ آپ حضرات جلد از جلد اسکی ادائیگی کر دیں تا کہ سوسائٹی آپ کے ہی علاقے کے ترقیاتی کاموں کو آگے بڑھا سکے۔ میں آپکو یہ بتا تا چلوں کہ پانی کا مسئلہ مستقل بنیاد پر حل کرنے کے لئے آپکی کمیٹی کے زیر غور ہے۔ اور انشاء اللہ 3 انچ قطر کا کنیکشن حاصل کرنے کیلئے تمام تر ذرائع استعمال کئے جارہے ہیں۔ اس کام پر ایک بڑی رقم صرف ہوگی، بہر حال یہ ایک ضروری اور اہم مسئلہ ہے اور اسے انشاء اللہ جلد ہی

CamScanner

حل کرلیا جائے گا۔

سیکٹر 13/A میں چوکیداروں کی تعداد میں اضافہ کر دیا گیا ہے گزشتہ برسوں میں صرف رات کے اوقات میں ایک چوکیدار ہوتا تھا۔ لیکن موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے مینجنگ کمیٹی کی منظوری سے 31 دسمبر 2001 تک مذکورہ سیکٹر میں دو چوکیداروں کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ خالی پلاٹوں پر جنگلی درختوں کی بہتات کی وجہ سے اور ممبران کی شکایات کے مدنظر رکھتے ہوئے ٹریکٹر کے ذریعے دوبارہ کٹائی اور صفائی کرادی گئی ہے۔

سیکورٹی کا مسئلہ جیسا کہ آپ جانتے ہیں سارا شہر پریشان ہے۔ اسی طرح ہماری سوسائٹی کو بھی اس قسم کے خطرات درپیش ہو سکتے ہیں انہیں باتوں کے پیش نظر کمیٹی کی میٹنگ میں یہ طے کیا گیا تھا کہ لب سڑک پلاٹ ہولڈرز جن کی طرف سے باہر سے آمد و رفت بغیر کسی روک ٹوک کے ہو سکتی ہے۔ ایسے تمام ممبران سے تحریری طور پر درخواست کی گئی تھی کہ وہ اپنے پلاٹوں پر باؤنڈری وال تعمیر کرالیں، اس تجویز پر عمل ہو جاتا تو میمن نگر 13/A کا علاقہ محفوظ ہو جاتا۔ لیکن پلاٹ ہولڈرز نے اس تجویز پر کوئی توجہ نہیں دی۔

## سیکٹر 15/A

گزشتہ سال کی رپورٹ میں آپکو بتایا گیا تھا۔ کہ سیکٹر 15/A میں پانی کا کنکشن جو کئی سال پہلے حاصل کیا گیا تھا۔ وہ عدم مصرف کیوجہ سے واٹر بورڈ نے کاٹ دیا تھا۔ اور گزشتہ سال جب وہاں چند مکانات کی تعمیر شروع ہوئی تو پانی کی فراہمی بھی ضروری ہوگئی۔ لہذا اس کنکشن کو دوبارہ حاصل کیا گیا اور چند متاثرہ والوز جو کئی برس قبل لگائے گئے تھے۔ انکی مرمت اور صفائی کروائی گئی۔ موجودہ کمیٹی کی خواہش تھی کہ سیکٹر 15/A کی اہم شاہراہوں پر پودے لگائیں جائیں 200 پودوں کے لئے نشاندہی کردی گئی ہے۔ جن میں سے اس رپورٹ کے شائع ہونے تک 70 پودے لگائے جا چکے ہیں۔ اور آہستہ آہستہ یہ کام مزید چند روز میں مکمل ہو جائے گا۔ مجھے امید ہے کہ آئندہ آنیوالی مینجنگ کمیٹی اس باقی ماندہ کام کو خوش اسلوبی سے مکمل کرائیگی۔

بجلی کے پول اور تار بچھانے کا کام پی ایم ٹیز اور سب اسٹیشن کی تعمیر کے سلسلہ میں KESC سے مسلسل رابطہ رہا۔ اور ہمارا بجلی کا پلان KESC کے پاس حتمی منظوری کے مراحل میں ہے۔ ایک کروڑ پچیس لاکھ کے قریب خرچ کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ اسمیں مزید کمی کرائی جائے۔ کیونکہ اس رقم کا 20% پلان کی منظوری کے بعد سوسائٹی کو ادا کرنا ہوگا۔ امید ہے کہ پلان جلد ہی منظور ہو جائیگا اور بجلی کی تنصیبات کا کام جلد شروع ہو جائیگا۔ اس سارے کام کا سہرا ہمارے سنیئر ممبر جناب زکریا اسماعیل وڈال والا کے سر جاتا ہے۔ جو اس سب کمیٹی کے کنوینز بھی ہیں۔ انکی شبانہ روز محنت اور تگ و دو کی وجہ سے یہ کام انشاء اللہ بہت جلد پائیہ تکمیل کو پہنچ جائے گا۔ جناب غلام حسین حبیب، جناب یوسف عبداللہ اور آفس سیکریٹری سلیم اختر صاحب اس کام کے مختلف مراحل میں جناب زکریا اسماعیل صاحب کے ساتھ رہے ہیں۔ سیکٹر 13/A اور 15/A میں ملٹی اسٹوری بلڈنگز کی تعمیر کے سلسلے میں کوئی خاص پیش رفت نہیں ہوسکی۔ انشاء اللہ نئی مینجنگ کمیٹی سے امید کی جاتی ہے کہ مذکورہ کام کے سلسلے میں جلد عملی پیش رفت کی جائیگی۔

زیر نظر سال کے دوران مینجنگ کمیٹی کی توسیع کا کام بھی جاری رکھا گیا۔ اور ایک خالی نشست پر جناب عارف سوریا صاحب کو نامزد کیا گیا۔ اس طرح صدر صاحب کو شامل کر کے مینجنگ کمیٹی کے ارکان کی کل تعداد 15 ہوگئی ہے۔ گزشتہ سال منتخب کئے گئے اور اس سال نامزد کئے گئے ارکان میمن نگر کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ اور امید ہے کہ انشاء اللہ وہ اسی جذبے اور لگن سے میمن نگر کی ترقی اور خوشحالی کے لئے کام کرتے رہیں گے۔

## متفرقات:۔

حسب سابق ہماری یہ کوشش رہی ہے۔ کہ سوسائٹی کے مفادات کی ہر حال میں نگرانی کی جائے۔ ذاتی مفادات پر سوسایٹی کے مفادات کو ترجیح دی جائے، چند سال قبل 22 گھنٹا زمین حکومت سے کاغذی کاروائی کر کے حاصل کی گئی تھی۔ اس زمین پر مشرق سوسائٹی نے قبضہ کر کے مکانات کی تعمیر شروع کروادی، اسکا مقدمہ نمبر 1145 of 1999 جو سندھ ہائی کورٹ میں زیر سماعت ہے، سوسائٹی کے قانونی مشیر جناب مصطفیٰ لاکھانی صاحب اس مقدمہ کی پیروی کر رہے ہیں، ہمیں امید ہے کہ اسکا

تصفیہ بھی جلد ہو جائے گا۔

## میمن مسجد سیکٹر 13/A:۔

اس سال کے دوران مسجد کے صحن کی توسیع کی گئی ہے۔ نمازیوں کے لئے استنجا خانوں کی تعمیر بھی کرائی گئی اور انمیں خوبصورت گلیزڈ ٹائلز لگوائے گئے ہیں۔ بیرونی محرابوں کی دیواروں پر ماربل لگوایا گیا ہے۔ مسجد کی بیرونی دیواروں پر رنگ و روغن بھی کروایا گیا۔ اور مسجد کے لئے زیر زمین واٹر ٹینک کی تعمیر بھی مکمل ہوگئی ہے۔ مسجد کی دو کانوں کی تعمیر اور باہر کا الیویشن جسمیں اوپر کی منزل پر پیش امام اور موذن کے لئے رہائشی کمرے اور مدرسے کے لئے ایک ہال منصوبے کا حصہ ہیں۔ چونکہ ان کاموں کیلئے ایک خطیر رقم کا تخمینہ ہے۔ میں ہمیشہ کی طرح اس بار بھی مخیر حضرات سے اپیل کرتا ہوں کہ ان کاموں کیلئے دل کھول کر عطیات دیں، یہ ثوابِ جاریہ کے کام ہیں اور اللہ تعالیٰ انکا اجر ضرور دیتا ہے۔ رواں سال میں مسجد کمیٹی کے کئی اجلاس منعقد ہوئے اور بورڈ کے اراکین نے بھرپور شرکت کی جناب حاجی محمد حنیف بوبیا (توکل) صاحب جو B.O.T. کے چیئرمین ہیں نے ہمارے ساتھ بہت معاونت کی انکے مثبت اور تعمیری روّیے کی وجہ سے مسجد کے کئی کام پایہ تکمیل کو پہنچے۔ ہم مسجد کے معاملات میں بورڈ آف ٹرسٹیز کے تمام اراکین کے شکر گزار ہیں اور خاص طور پر چیئرمین جناب محمد حنیف بوبیا (توکل) جناب محمد اقبال مانگرول والا جناب زکریا اسمٰعیل وڈال والا، جناب غلام حسین حبیب، جناب احمد عمر دیوان، جناب محمد اقبال عبدالغنی، جناب عبدالواحد موسیٰ، جناب عبدالغفار ابراہیم، جناب محمد جاوید قادری کے شکر گزار ہیں کہ یہ تمام صاحبان مسجد کے معاملات میں زاتی دلچسپی لیتے ہیں، ہم جناب محمد صدیق قادری صاحب کے بھی شکر گزار ہیں کہ وہ اپنا قیمتی وقت کا کچھ حصہ مسجد کے کاموں میں صرف کرتے ہیں، اللہ انکو جزائے خیر عطا فرمائے، یہاں میں یہ بتاتا چلوں کہ ہمیں سوسائٹی کے معاملات کے علاوہ مسجد کے معاملات میں بھی جناب صدر حاجی محمد حنیف طیب صاحب جو مسجد کے ٹرسٹی بھی ہیں کی معاونت اور مشاورت ہمہ وقت حاصل رہی ہے۔

## گورنمنٹ آڈٹ:۔

پچھلے سال گورنمنٹ نے کوآپریٹو سوسائٹیز کے قوانین میں کچھ ترمیم اور تبدیلیاں کی تھیں جو سوسائٹیز کے لئے قابل قبول نہ تھیں۔ حکومت نے تحریری احتجاج کے باوجود کوئی نوٹس نہ لیا۔ لہذا مجبور ہو کر گلزار ہجری فیڈریشن نے ہائی کورٹ میں رٹ داخل

کردی اوراس نوٹیفیکیشن کے خلاف حکم امتنائی حاصل کرلیا۔ لہذا اس سال رجسٹرار آفس کے اہلکار آڈٹ کیلیئے آئے اور ہم نے ان سے بات چیت کر کے پچھلے سال اور اس سال دونوں برسوں کا آڈٹ کروالیا ہے۔ اور برائے سال 2000-1999 اور 2001-2000 کی آڈٹ رپورٹس حاصل کرلی ہیں۔ جو تسلی بخش ہیں۔

## اظہار تشکر:۔

اس موقع پر میں اپنے ان تمام ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے ہمہ وقت اپنے تعاون اور قیمتی مشوروں سے نوازا جن میں جناب محمد اقبال مانگرول والا، جناب محمد یوسف عبداللہ، جناب غلام حسین حبیب، جناب احمد عمر دیوان، جناب عبدالغفار میمن، جناب ذکریا اسمٰعیل وڈال والا، جناب محمد اقبال قاسمانی جناب عبدالرزاق حاجی محمد، جناب حاجی محمد حنیف بوبیا (توکل)، جناب محمد اقبال عبدالغنی کوکس واڈیا، جناب محمد زبیر عبدالغفار، جناب محمد عارف سوریا، جناب عبدالغفار ابراہیم اور سوسائٹی کے صدر اور روح رواں محترم جناب حاجی محمد حنیف طیب صاحب۔ سوسائٹی کے آڈیٹرز میسرز ساندھوانیڈ کمپنی، ڈپٹی رجسٹرار، کو آپریٹو سوسائیٹیز (حکومت سندھ) اسسٹنٹ رجسٹرار (ساؤتھ) اوران کا عملہ کہ ان کی رہنمائی اکثر و بیشتر ہمیں حاصل رہی۔

سوسائٹی کے مشیران محترم مصطفٰی لاکھانی (ایڈووکیٹ) اور انجینئر محمد حسین صاحبان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کا تعاون ہمہ وقت ہمیں حاصل رہا۔ میں سوسایٔٹی کے آفس اسٹاف کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اپنی خدمات کے ذریعہ مجھ سے ہمیشہ تعاون کیا۔


میں ایک بار پھر آپ تمام حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اب اجازت چاہتا ہوں۔ اللہ حافظ۔

آپ کا مخلص


عبدالستار لیلیا

آنریری جنرل سیکریٹری

CS CamScanner



حاجی محمد حنیف طیب (صدر سوسائٹی)




احمد عمر دیوان (نائب صدر)




عبدالستار لیلیا (جنرل سیکریٹری)

CamScanner



عبدالغفار ابراہیم



ایم یوسف عبداللہ (نوی والا)



اقبال اسمٰعیل (مانگرول والا)



اقبال اسمٰعیل قاسمانی



محمد اقبال غنی



عبدالغفار میمن



حاجی ذکریا اسمٰعیل (وڈال والا)




محمد عارف سوریا



محمد زبیر عبدالغفار



غلام حسین حبیب




حاجی رزاق حاجی محمد



حاجی محمد حنیف ایوب بومیا (توکل)

CS CamScanner



فخرِ میمن حاجی عبدالرزاق ٹیسٹی (شہید) جنہیں 25 ستمبر 2001 کو سفاک قاتلوں نے شہید کردیا۔ زیرِ نظر تصویر سیکٹر 15/A کی میمن مسجد کی سنگِ بنیاد رکھنے کے موقع پر لی گئی سوسائٹی کے صدر حاجی محمد حنیف طیب، عبدالمجید ابراٹی، حاجی محمد صدیق پولانی، حاجی عبدالرزاق ٹیسٹی، ڈاکٹر ایس۔ایم الیاس جنرل سیکریٹری عبدالستار لیلیا اور اے۔ سی کے میمن نمایاں نظر آرہے ہیں۔ جبکہ دوسری تصویر میں حاجی زکریا اسمٰعیل وڈال والا مرحوم کو بیج لگا رہے ہیں۔ ان کے ساتھ حنیف ایس کالیا تشریف فرما ہیں۔



CamScanner

## MINUTES OF THE 29TH ANNUAL GENERAL BODY MEETING AND ANNUAL ELECTION OF SOCIETY FOR THE YEAR 2000-2001, HELD ON SUNDAY THE 11TH OF MARCH, 2001, AT SITE SECTOR 15/A

TWENTYNINETH (29) Annual General Body Meeting of Society for the year 2000-2001, was held on SUNDAY the 11th of March, 2001, at 11 A.M. at Site, Sector 15/A, Memon Nagar, Scheme-33, Karachi.

FORTY (40) Plot-holder members attended the meeting and signed in the Register.

The meeting was presided over by the President, Haji Muhammad Hanif Tayyab. Mr. Zakaria Ismail acted as Compere of the meeting. After recitation of HOLY QURAN by Mr. Ahmed Abdul Shakoor, Agenda was taken up:

**ITEM NO. 1.** Minutes of the last 28th A.G.B.M. dated 26-03-2000, were read by the office Secretary, Mr. Saleem Akhtar. Some queries ware made by members which were replied by Mr. Abdul Sattar Liliya, Hon. Gen. Secretary. The President desired that the word "uproar and Shouting" under Item No. 3, be replaced by words Protest & Complaints. Which was noted. Then minutes were approved by the House unanimously.

**ITEM NO. 2.** The President read his report before the House, rather he spoke random, he told the members that Management of Society is making full efforts to solve various problems. Some issues have been settled and problems solved but there are other issues & problems on which we are working and we hope to solve these problems INSHA-ALLAH very soon. He requested members to show patience and give some more time to the Management.

**ii.** The Vice President, Mr. Ahmed Omer Diwan also read his report before the House. He explained the present position of Water Supply in Memon Nagar and also efforts that are being made continuously to improve water supply position in both the Sectors.

**iii.** The Hon. Gen. Secretary, read the Annual Report of Society's Activities for the year 1999-2000, ended on 30th June, 2000, before the House. During his overall explanation on expenditure side he told the house that more then Rs. 300,000/= have been spent on Masjid Boundary and other work relating to Masjid. Queries were made by some members as to why the Shops are not being constructed along the Boundary Wall of Masjid facing main road? If this is done, Masjid will be independent body able to bear its own expenses. The Hon. Gen. Secretary explained the present position with regard to KBCA / KDA objections. H.G.S. also explained the financial position of Masjid Accounts and other problems in this regard. The President also explained the Technical objection raised by KBCA on the construction of Shops. At the same time, he also ensured that this problem will also be solved very soon. Mr. Hanif Barika gave suggestion to put the responsibility of construction of shops on Mohallah Committee. The President ensured that this proposal could be considered at right time.

**ITEM NO. 3.** Accounts & Balance Sheet of Society for the year 1999-2000, was placed before the meeting. Some queries were asked by members which were replied by the H.G.S. satisfactorily. Thereafter proposed by the President and seconded by Mr. Ghulam Hussain Habib, Accounts for the year 1999-2000, were approved.

Cont'd on page 3

CamScanner

**ITEM NO. 4.** Appointement of M/s. Sandhu & Company, Chartered Accountants as Society's Auditors, for the year 2000-2001, was approved by the House. For any change in their remuneration, if necessary, Office Bearers were authorised.

Some questions were asked on Multistorey Buildings construction which were replied by Office Bearers to the satisfaction of members.

**ITEM NO. 5.** The H.G.S. informed the House on unopposed Election of the following for the year 2000-2001, as under:-

| | |
|---|---|
| President: | Haji Muhammad Hanif Tayyab |
| Committeemen: | 1. Mr. Yousuf Abdullah Naviwala<br>2. Mr. Ghulam Hussain Habib<br>3. Mr. Abdul Sattar Liliya<br>4. Mr. A. Razzak Haji Muhammad<br>5. Mr. M. Zubair A. Ghaffar<br>6. Mr. A. Ghaffar Ebrahim |

After finishing the agenda, on the proposal of Mr. Abdul Sattar Liliya, President and all members present offered FATEHA for late Hanif Lakhani, resident member of Sector 13/A, who passed away recently.

The President and the House appreciated the initiatives/taken by Mr. Jamil Sheikhani to start construction in Sector 15/A, on four plots at a time. In the meeting, there was a proposal to grant some honoraria to Mr. Jamil Sheikhani as it was done in the cases of Allottees of Sector 13/A, This was noted.

In the end, Cold Drink was served to all those present and then the meeting came to an end with a vote of thanks to the President and all Society members.

**PRESIDENT**

CamScanner

# ALL MEMON WELFARE COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LIMITED

**247-SUNNY PLAZA, SECOND FLOOR, HASRAT MOHANI ROAD,**
**NEW CHALLI, KARACHI.**

Ref: 786/AMWCHS/30th AGBM/2002/1659 Karachi dated 20th Dec. 2001

## NOTICE FOR THE 30TH ANNUAL GENERAL BODY MEETING AND ANNUAL ELECTION OF SOCIETY FOR THE YEAR 2001 - 2002.

THIRTIETH (30TH) Annual General Body Meeting and Election of Soceity for the year 2001-2002, will be held on SUNDAY th e 17th of February, 2002, at Site, Sector-15A, Memon Nagar, Scheme-33, Karachi. Time of Meeting is 11 A.M. to 01 P.M.

Following agenda will be transacted at the General Body Meeting:-
All the Plot holder members are requested to please attend the meeting and be present in time.

AGENDA: 0-0-0 **TILAWATE QURAN SHARIF**

ITEM NO. 1. To read and confirm the Minutes of the last 29th Annual General Body Meeting of the Society held on 11th of March, 2001.

ITEM NO. 2. To approve the Annual Report of Society's activities of the Managing Committee for the year 2000-2001 ended on 30-06-2001.

ITEM NO. 3. To approve and confirm the Accounts and Balance Sheet of the Society duly audited by the Chartered Accountants M/s. Sandhu & Company, for the year 2000-2001 ended on 30-06-2001.

ITEM NO. 4. To appoint Auditors of Society for the year 2001-2002 and to fix their remunerations.

ITEM NO. 5. To elect one President and three Committeemen for the year 2001-2002 as per Society Bye-Laws No. 47 (a)

RETIRING PRESIDENT: Haji Muhammad Hanif Tayab
RETIRING COMMITTEEMEN:
1. Mr. Ahmed Omer Diwan
2. Mr. Abdul Ghaffar Memon
3. One Vacant seat

ITEM NO. 6. Another matter for which a Notice is given to the Committee not less than fourteen (14) days before the Annual General Body Meeting.

A). In case the meeting is adjourned for want of QUORUM or because of agenda remains unfinished or due to abnormal conditions in the city, the adjourned meeting will be held on SUNDAY, 24th February, 2002, at the same place and same time.


B). Any member wishing to move any resolution, should submit the resolution text duly proposed and seconded in the Society office during office hours minimum 14 days before the Annual General Body Meeting.

(ABDUL SATTAR LILIYA)
HONORARY GENERAL SECRETARY,
ALL MEMON WELFARE COOP, HOUSING SOCIETY LIMITED, KARACHI.


IMPORTANT NOTE:
Society Office:
Telephone No. 2629745

Site Office: Sector-13A,
Telephone No. 8142982

CamScanner



سیکٹر 13/A میں میمن مسجد کی تعمیرات کے اندرونی و بیرونی مناظر



CamScanner

# MEMON NAGAR

## آل میمن ویلفیئر کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

## اراکین مجلس انتظامیہ

## سال 2000-2001ء

| | |
|---|---|
| 1۔ حاجی محمد حنیف طیب | صدر سوسائٹی |
| 2۔ جناب احمد عمر دیوان | نائب صدر سوسائٹی |
| 3۔ جناب عبدالستار لیلیا | اعزازی جنرل سیکریٹری |
| 4۔ جناب اقبال اسماعیل مانگرول والا | رکن مجلس انتظامیہ |
| 5۔ جناب ایم یوسف عبداللہ نوی والا | " |
| 6۔ جناب غلام حسین حبیب | " |
| 7۔ جناب عبدالغفار میمن | " |
| 8۔ جناب حاجی حنیف حاجی ایوب بومبیا | " |
| 9۔ جناب ذکریا اسماعیل | " |
| 10۔ جناب اقبال اسماعیل قاسمانی | " |
| 11۔ جناب حاجی رزاق حاجی محمد | " |
| 12۔ جناب محمد اقبال غنی | " |
| 13۔ جناب محمد زبیر عبدالغفار | " |
| 14۔ جناب عبدالغفار ابراہیم | " |
| 15۔ جناب عارف سوریا ..... نامزدگی 24 اپریل 2001 | " |

۱۲۱

CS CamScanner